© rasailojaraid.com



# جامعہ سلفیہ میں عربی ریفریشر کورس

جامعہ سلفیہ فیصل آباد پاکستان کا منفرد اسلامی تعلیمی ادارہ ہے جو اپنے بہترین نصاب تعلیم اور مثالی نظام کی بدولت عالمی شہرت حاصل کر چکا ہے۔ جامعہ سلفیہ میں نہ صرف اندرون بلکہ بیرون ملک سے بھی تشنگان علم اپنی علمی پیاس بجھا رہے ہیں۔ جس میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔

جامعہ کے بنیادی مقاصد میں یہ بات شامل ہے کہ پاکستان میں اسلامی تعلیم کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیا جائے اور عربی زبان کو عام کیا جائے۔ تاکہ لوگ براہ راست کتاب و سنت سے مستفید ہو سکیں۔ اس اعلیٰ و ارفع مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جامعہ کے مسئولین اور اساتذہ دن رات کوشاں ہیں۔ جہاں مکمل آٹھ سالہ نصاب کی تکمیل کرائی جاتی ہے۔ وہاں مختصر المیعاد کورس بھی کرائے جاتے ہیں۔ جن میں عربی زبان کے ساتھ اسلامی ثقافت کی تدریس کا بہترین انتظام ہوتا ہے۔ اس کورس میں تدریسی فرائض سرانجام دینے کے لئے اسلامک یونیورسٹی مدینہ منورہ کے مایہ ناز اساتذہ کی خدمات حاصل ہوتی ہیں جو عربی زبان میں ہی پڑھاتے ہیں۔

اس سے قبل تین مرتبہ یہ کورس جامعہ میں منعقد ہو چکے ہیں اور اب چوتھی مرتبہ جامعہ کو یہ اعزاز حاصل ہو رہا ہے اور ماہ جولائی 97ء میں یہ کورس منعقد ہو رہا ہے۔ جس میں اسلامک یونیورسٹی مدینہ منورہ کے قابل ترین اساتذہ کرام پر مشتمل چھ رکنی وفد فرائض سرانجام دے گا۔ جن کی سربراہی جناب الشیخ ڈاکٹر عطیہ الزہرانی فرمائیں گے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اس کورس سے جہاں عربی ذوق رکھنے والے طلبہ اور اساتذہ مستفید ہوں گے وہاں جامعہ سلفیہ فیصل آباد اور الجامعہ الاسلامیہ مدینہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



منورہ کے قابل ترین اساتذہ کرام پر مشتمل چھ رکنی وفد فرائض سرانجام دے گا۔ جن کی سربراہی جناب الشیخ ڈاکٹر عطیہ الزہرانی فرمائیں گے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اس کورس سے جہاں عربی ذوق رکھنے والے طلبہ اور اساتذہ مستفید ہوں گے وہاں جامعہ سلفیہ فیصل آباد اور الجامعہ الاسلامیہ مدینہ منورہ کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا بھرپور موقع ملے گا اور پاکستانی اور سعودی علماء میں محبت کا رشتہ مزید پروان چڑھے گا۔

اس موقعہ پر ہم الجامعہ الاسلامیہ مدینہ منورہ کے مدیر جناب عالی الشیخ ڈاکٹر صالح بن عبد اللہ العبود کے شکرگزار ہیں جن کی خصوصی شفقت پر یہ دورہ جامعہ میں منعقد ہو رہا ہے۔ علاوہ ازیں ہم سعودی حکومت کے بھی تہہ دل سے شکر گزار ہیں جو عربی زبان کی ترویج اور اسلامی ثقافت کے احیاء کے لئے دن رات کوشاں ہے خاص کر سعودی فرمانروا خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبد العزیز حفظه الله کے لئے دعاگو ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اسلامی خدمات کو شرف قبولیت بخشے اور انہیں صحت کاملہ و عاجلہ سے نوازے۔ آمین

## پروفیسر ظفر اللہ خاں کا سانحہ ارتحال

تمام دینی، تعلیمی، سیاسی و جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت دکھ اور کرب کے ساتھ سنی گئی کہ معروف عالم دین، ممتاز ماہر تعلیم، شعبہ اسلامیات کراچی یونیورسٹی کے چیرمین اور جامعہ ابی بکر الاسلامیہ کے منتظم اعلیٰ پروفیسر ظفر اللہ خاں، رحیم یار خاں کے قریب ایک حادثہ میں رحلت فرما گئے۔ اس حادثے کا المناک پہلو یہ ہے کہ اس میں ان کے دو بیٹے، ایک بھانجا اور ہمشیرہ بھی انتقال فرما گئے۔
انا للہ و انا الیہ راجعون

آپ بے حد متقی اور صالح تھے۔ طبیعت میں بے حد سادگی تھی۔ عزم کے دھنی اور ارادے کے بڑے پکے تھے۔ دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے

© rasailojaraid:com